الاوہ بی بی مبارک میں زائرین کو گرمی سے راحت کیلئے مرزا ریاض الحسن آفندی نے ایئر بلوورز کا افتتاح کیا

حیدرآباد۔ /23 جون (رپورٹر باقر علی) ماہِ محرم الحرام ایامِ عزا کی آمد کے پیشِ نظر الاوہ بی بی مبارک دبیر پورہ میں حاضری دینے والے ہزاروں زائرین کو شدید گرمی، دھوپ اور بڑھتے ہوئے ہجوم کے باعث پیش آنیوالی مشکلات سے راحت پہنچانے کیلئے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ صدرِ مجلس ورکن پارلیمان حیدرآباد جناب اسد الدین اویسی اور مجلس فلور لیڈر جناب اکبر الدین اویسی کی ہدایت پر رکنِ قانون ساز کونسل (MLC) جناب مرزا ریاض الحسن آفندی (AIMIM) نے الاوہ بی بی مبارک دبیر پورہ میں لگائے گئے تقریباً 28 ایئر بلوورز کا افتتاح انجام دیا۔ اس موقع پر جناب مرزا ریاض الحسن آفندی نے کہا کہ مجلسِ اتحاد المسلمین ہمیشہ عوامی فلاح و بہبود اور زائرین کی سہولت کو ترجیح دیتی ہے۔ محرم الحرام کے دوران الاوہ بی بی مبارک میں بڑی تعداد میں تمام مذاہب کے عقیدت مندوں کی آمد ہوتی ہے جس کے پیشِ نظر گرمی سے بچاؤ اور بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے یہ انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم آئی ایم کی نمائندگی پر محرم الحرام کے دوران مزید سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی تاکہ عزاداروں اور زائرین کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

وزیراعظم مودی کا جولائی میں انڈونیشیا، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ کا دورہ کرنے کا امکان

نئی دہلی۔ 23 جون (ایم این این) وزیراعظم نریندر مودی ممکنہ طور پر 6 سے 11 جولائی تک انڈونیشیا، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کا تین ممالک کا ہند۔بحرالکاہل دورہ کریں گے، جسمیں دوطرفہ بات چیت اور ہندوستانی تارکین وطن کے ساتھ بات چیت متوقع ہے۔ دورہ کی تیاریوں سے واقف لوگوں نے بتایا کہ سفر کے پروگرام کو ابھی حتمی شکل دی جارہی ہے، اور پی ایم او یا وزارت خارجہ کی طرف سے کوئی رسمی اعلان نہیں کیا گیا ہے۔

جناب امجد اللہ خاں خالد ترجمان مجلس بچاؤ تحریک (MBT) نے آج الاوہ بی بی مبارک دبیر پورہ میں حاضری دیتے ہوئے علم مبارک کی زیارت کی انکے ہمراہ جناب سید امداد حسین سینئر لیڈر (MBT)، جناب ایم اے شکیل (کرکٹر) اور دیگر موجود تھے۔



شکاگو (USA) میں بعد از مجلسِ عزا، "اونچا رہے اپنا علم" اور منتخب قدیم نوحہ جات پر مشتمل انجمنِ معصومین حیدرآباد الہند کی کتاب کی رسمِ اجرا جناب میر جون بن صابر نوحہ خواں انجمنِ معصومین اور جناب سید سبطین رضوی کے ہاتھوں عمل میں آئی۔ تصویر میں اکبر بن جون اور سید اصغر رضوی بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

وقف بورڈ کی جانب سے محرم الحرام کے لیے 735 عاشورخانوں، 63 انجمنوں اور 161 سبیلوں کو ایک کروڑ روپے اور سواری علم بی بی مبارک (ہاتھی) کیلئے 15 لاکھ روپے منظور

حیدرآباد۔/23 جون (سفیر نیوز/صدائے حسینی) چیئرمین تلنگانہ وقف بورڈ سید عظمت اللہ حسینی نے ریاستی حکومت کی جانب سے محرم الحرام 2026 کے موقع پر دی گئی خصوصی گرانٹ پر وزیراعلیٰ تلنگانہ اے ریونت ریڈی اور وزیر اقلیتی بہبود محمد اظہر الدین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے مسلم برادری کی فلاح و بہبود کیلئے حکومت کی مسلسل معاونت اور تعاون کو سراہا۔ سید عظمت اللہ حسینی نے بتایا کہ حکومتِ تلنگانہ نے تلنگانہ وقف بورڈ کے اشتراک سے محرم الحرام 2026 کے انتظامات کیلئے ریاست بھر کی 959 مذہبی و سماجی تنظیموں کو گرانٹ اِن ایڈ جاری کی ہے۔ ان میں 735 عاشورخانے، 63 انجمنیں اور 161 سبیلیں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کی مذہبی رسومات اور عوامی خدمت کی سرگرمیوں کے انعقاد کیلئے ایک کروڑ روپے کی گرانٹ جاری کی گئی ہے جو گزشتہ سال دی گئی 50 لاکھ روپے کی امداد کے مقابلے میں دوگنی ہے۔ چیئرمین وقف بورڈ کے مطابق سواری علم بی بی مبارک تاریخی جلوسِ عاشورہ کیلئے ہاتھی کے انتظامات پر بھی 15 لاکھ روپے خرچ کیے گئے ہیں تاکہ 10 محرم کے جلوس کو روایتی اور باوقار انداز میں منعقد کیا جاسکے۔

7 محرم الاوہ بی بی مبارک دبیر پورہ میں زیارت کیلئے بین المذاہب زائرین کا ہجوم۔

وزیرخارجہ نے تعاون کو بڑھانے کیلئے منگولیا میں بات چیت کی

الان باتر۔23 جون۔ ایم این این۔ وزیرخارجہ ایس جے شنکر نے پیر کو اپنے جاری سرکاری دورے کے دوران ہندوستان اور منگولیا کے درمیان باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے کے مقصد سے اعلیٰ سطحی بات چیت کا ایک سلسلہ منعقد کیا۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں، جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے ریاست عظیم کھرل کے اسپیکر، سنداگ بیامبتسوگٹ سے ملاقات کی۔

حیدرآباد میں 'ڈونالڈ ٹرمپ ایونیو' کا افتتاح

حیدرآباد۔23/ جون (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) امریکہ کی آزادی کے 250 سال کی تقریبات کے ایک حصے کے طور پر، تلنگانہ کے ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرمارکا نے ہندوستان میں متعینہ امریکی سفیر سرجیو گور اور حیدرآباد میں تعین امریکی قونصل جنرل لورا ولیمز کے ساتھ 23 جون کو ایک 'ڈونلڈ ٹرمپ ایونیو' کی نقاب کشائی کی۔ یہ تقریب یادگاری سرگرمیوں کے ایک حصے کے طور پر منعقد کی گئی تھی جس میں ہندوستان اور امریکہ کے درمیان پائیدار دوستی اور بڑھتی ہوئی شراکت داری کا جشن منایا گیا۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے اجتماع سے خطاب کیا۔ انھوں نے تلنگانہ اور امریکہ کے درمیان مضبوط تعلقات پر روشنی ڈالی اور کلیدی شعبوں میں امریکہ کے ساتھ ریاست کے بڑھتے ہوئے روابط پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر اے ریونت ریڈی کی قیادت میں تلنگانہ نے ٹکنالوجی، سرمایہ کاری، اختراعات، اعلیٰ تعلیم، صاف توانائی اور ثقافتی تبادلے سمیت دیگر شعبوں میں امریکہ کے ساتھ تعاون کو مضبوط کیا ہے۔ بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ آزادی 250 کی تقریبات جمہوریت، ترقی اور تعاون کی مشترکہ اقدار کی عکاسی کرتی ہیں جو تلنگانہ اور امریکہ کے عوام کے درمیان تعلقات کو مستحکم کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی شراکت داری نے اقتصادی ترقی، تعلیم اور اختراع میں تعاون کے مواقع پیدا کیے ہیں۔ ہندوستان۔امریکہ تعلقات کے مستقبل کے بارے میں امید کا اظہار کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ عوام سے عوام کے مضبوط روابط اور معاشی اور تعلیمی تعلقات کو وسعت دینے سے آنے والے سالوں میں شراکت داری مزید گہرا ہوگی۔ امریکی قونصل خانے کے قریب ڈونلڈ ٹرمپ ایونیو کا نام آزادی 250 کی تقریبات کا ایک علامتی حصہ بنا، جس نے دونوں جمہوریتوں کے درمیان دیرینہ تعلقات کی اہمیت اور مسلسل تعاون کے عزم کو اجاگر کیا۔

سب انسپکٹر رشوت لیتے ہوئے گرفتار

حیدرآباد۔23/ جون (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) حیدرآباد کے گاندھی نگر پولیس اسٹیشن کے سب انسپکٹر وی نرسمہلو رشوت لیتے ہوئے اینٹی کرپشن بیورو) اے سی بی (کے ہاتھوں رنگے ہاتھوں پکڑے گئے۔ منگل کی شام ایک متاثرہ شخص سے 50 ہزار روپے وصول کرتے وقت اے سی بی حکام نے انہیں گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایک مقدمہ میں پولیس اسٹیشن کی ضمانت دینے اور آئندہ ہراسانی نہ کرنے کے عوض سب انسپکٹر نے ایک شخص سے ایک لاکھ روپے رشوت کا مطالبہ کیا تھا۔ متاثرہ شخص نے حیدرآباد سٹی رینج 1-اے سی بی سے رجوع کیا، جس کے بعد منصوبہ بندی کے تحت منگل کی شام پہلی قسط کے طور پر 50 ہزار روپے وصول کرتے وقت سب انسپکٹر کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا گیا۔ اے سی بی نے مقدمہ درج کرتے ہوئے ضبط شدہ رقم اپنے قبضے میں لے لی اور ملزم کو نامپلی عدالت میں پیش کیا۔

ہندوستان ایشیا کے ڈیٹا سینٹر کی ترقی کی قیادت کریگا

نئی دہلی۔23 جون (ایم این این) گولڈمین سیکس کی ریسرچ رپورٹ کے مطابق، ہندوستان ڈیٹا سینٹر مارکیٹ میں اپنے قدموں کے نشانات کو تیز رفتاری سے پھیلانے کے لیے تیار ہے، جس کا لنگر " سازگار آبادی، انجینئرنگ ٹیلنٹ کا ایک گہرا تالاب، اور مشرق وسطیٰ سے اسٹریٹجک جغرافیائی قربت ہے"۔ رپورٹ میں ہندوستان، جاپان اور فلپائن کو ایشیائی خطے میں بنیادی ترقی کے انجن کے طور پر اجاگر کیا گیا ہے۔ جب کہ حکومت کی حمایت یافتہ اقدامات جاپان میں جارحانہ توسیع کو آگے بڑھاتے ہیں، اور سرخ فیتے میں کمی فلپائن کی مدد کرتی ہے، ہندوستان اپنے ساختی اور جغرافیائی فوائد کی وجہ سے نمایاں ہے۔

کربلا: تلواروں کا معرکہ نہیں بلکہ زندہ افکار کا انقلاب

(خصوصی رپورٹ) آج قم المقدس ایران میں منعقدہ مجلسِ عزا سے خطاب کرتے ہوئے مولانا سید ضیا حسین جعفری نے کہا کہ واقع کربلا محض تلواروں کا معرکہ نہیں بلکہ زندہ افکار کا انقلاب ہے۔ کربلا ایک ایسا عظیم مکتبِ فکر ہے جو ہر دور کے انسان کو حق، وفا، شجاعت، ایثار اور اطاعتِ امام کا درس دیتا ہے۔ مولانا نے اپنے خطاب میں حضرت عباس علیہ السلام کی عظیم اور بے مثال شخصیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ آپ امام حسینؑ کے سچے وفادار، مددگار اور کامل مطیع تھے۔ زیارات میں حضرت عباسؑ کے فضائل اور ان کی وفاداری کا ذکر اس حقیقت کی روشن دلیل ہے کہ آپ نے ہر مرحلے پر اپنے امام کی نصرت اور اطاعت کا حق ادا کیا۔ مولانا نے کہا کہ جس طرح امیر المومنین حضرت علیؑ نے رسولِ خدا ﷺ کی اطاعت و فرمانبرداری میں اپنی مثال آپ کردار پیش کیا، اسی طرح حضرت عباسؑ نے امام حسینؑ کی اطاعت میں بے مثال نمونہ قائم کیا۔ آپ نے اپنی تمام خواہشات، آسائشوں اور حتیٰ کہ اپنی جان کو بھی امامِ وقت کی رضا پر قربان کر دیا۔ اپنے خطاب میں مولانا نے حضرت عباس علیہ السلام کی صفتِ وفا کو نمایاں کرتے ہوئے کہا کہ اگر انسانیت وفا کا حقیقی مفہوم سیکھنا چاہتی ہے تو اسے درِ عباسؑ پر آنا ہوگا۔ اگر شجاعت حاصل کرنا چاہتی ہے تو درِ عباسؑ سے بہتر کوئی درسگاہ نہیں، اور اگر مہربانی، ایثار اور انسان دوستی کا سبق حاصل کرنا چاہتی ہے تو حضرت عباس علیہ السلام کی سیرت اس کا بہترین نمونہ ہے۔ مولانا نے مزید کہا کہ حضرت عباس علیہ السلام کی زندگی اس حقیقت کا اعلان ہے کہ حقیقی وفاداری صرف دعووں کا نام نہیں بلکہ اپنے امام، اپنے دین اور اپنے مقصد کے لیے ہر قسم کی قربانی پیش کرنے کا نام ہے۔ کربلا میں آپ کا کردار قیامت تک حق و صداقت کے علمبرداروں کے لیے مشعلِ راہ رہے گا۔ مجلس کے اختتام پر مولانا نے اس بات پر زور دیا کہ واقع کربلا آج بھی انسانیت کو ظلم کے مقابلے میں استقامت، حق کے لیے قربانی اور اپنے اصولوں پر ثابت قدم رہنے کا درس دیتا ہے۔ حضرت عباس علیہ السلام کی عظیم شخصیت ان تمام اوصاف کا عملی نمونہ ہے جن کی ضرورت ہر دور اور ہر معاشرے کو رہتی ہے۔

حیدرآباد میٹرو کی توسیع پر پیشرفت۔ SBICAPS کو کنسلٹنٹ مقرر کرنے کا فیصلہ

حیدرآباد۔23/ جون (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد میٹرو ریل کے فیز I- کے حصول اور فیز II- کی توسیع کے معاملے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ وزیراعلیٰ تلنگانہ اے ریونت ریڈی اور مرکزی وزرا کے درمیان دو روزہ مشاورت کے بعد مختلف امور کا جائزہ لینے کے لیے SBICAPS کو کنسلٹنٹ مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے پیر کی رات مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو اور مرکزی وزیر جی کشن ریڈی سے ملاقات کی۔ بعد ازاں منگل کو مرکزی وزیر برائے ہاسنگ و شہری امور منوہر لال کھٹر کی رہائش گاہ پر ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں میٹرو منصوبے سے متعلق مختلف پہلوں پر تفصیلی غور کیا گیا۔

مجلس عزاء سید الشہداؑ
زیر اہتمام: انجمن پروانہ جعفریہ
بناء کردہ: الحاج وزوار میر حسین علی (تقی بھائی) مرحوم سکریٹری انجمن پروانہ جعفریہ
بتاریخ: ۸ محرم ۸:۳۰ بجے شب
بمقام: نرجس گلشن، بمکان مولوی میر جمال علی صاحب اعلی اللہ مقامہ نورخاں بازار مقرر ہے
مبین مجلس
ذاکر اہلبیت مولانا سید منتظر مہدی عابدی صاحب قبلہ
سواری علم مبارک قبر بنی ہاشم حضرت عباسؑ اُٹھائی جائے گی
ماتمی انجمنیں: انجمن معصومینؑ۔ گروہِ شیدائے شبیرؑ۔ انجمن شاہِ کربلا
مومنین سے گزارش ہے کہ شرکت فرما کر ثواب دارین حاصل فرمائیں
المنتظر قدوم
میر عباس علی (راجا) ابن الحاج وزوار میر حسین علی (تقی بھائی) مرحوم
نبیرۂ مولوی میر جمال علی صاحب اعلی اللہ مقامہ
چشم براہ: میر مہدی علی، میر شبیر علی ابنان میر عباس علی (راجا)

ہو الشافی
دعاؤں کی اپیل
تمام اہلِ ایمان سے مؤدبانہ گزارش ہے کے
مریم صبیح
دختر اکبر علی
زوجہ سید عنایت حسین
فی الحال انتہائی نازک حالت میں آئی سی یو (ICU) میں زیر علاج ہیں
آپ سب سے التماس ہے کہ ان کی صحتِ کاملہ اور جلد شفایابی کے لیے اللہ پاک کی بارگاہ میں خصوصی دعا فرمائیں۔
اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ اور اہلِ بیتؑ کے صدقے مریم صبیح کو کامل شفا عطا فرمائے، تمام بیماریوں اور تکالیف کو دور فرمائے۔ ڈاکٹروں کے علاج میں اثر و برکت عطا فرمائے اور اہلِ خانہ کو صبر و حوصلہ نصیب فرمائے۔ آمین
برائے کرمِ سورۃ فاتحہ، آیۃ الکرسی اور دعائے شفا کی تلاوت فرما کر ان کے لیے دعا کریں۔
اَللّٰھُمَّ اشْفِ مَرْیَمَ صَبِیحَ شِفَاءً کَامِلاً عَاجِلاً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا.
اے اللہ! مریم صبیح کو ایسی کامل اور عاجل شفا عطا فرما جو کسی بیماری کو باقی نہ چھوڑے۔ آمین
آپ کی ایک دعا اُن کے لیے زندگی کا سبب بن سکتی ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم
یا حسینؑ
یا عباسؑ
۳ مجالس عزاء سالانہ
۷/۸/۹ محرم الحرام
بسلسلہ شہادت امام حسینؑ شہدائے کربلا
بمقام: علی لاج، روبرو عزاخانہ زہراؑ دارالشفاء، حیدرآباد مقرر ہیں
بوقت ۱۰ بجے شب
خطابت: مبلغ ولایت، حجۃ الاسلام مولانا سید تقی رضا عابدی صاحب قبلہ صدر تنظیم جعفری
اور
مصائب: حجۃ الاسلام مولانا سید مہر عباس رضوی (جواد) صاحب قبلہ امام جمعہ کولکاتہ
بعنوان "اِنَّ الْحُسَیْنَ مِصْبَاحُ الْھُدٰی وَسَفِیْنَۃُ النَّجَاۃ" بیان فرمائیں گے
چشم براہ: فرزندان و نبیرہ گان سید جعفر علی موسوی صاحب مرحوم

QADEEM MAJALIS E AZA
(Bina Karda Ajdaad e Marhomeen Nawab Syed Ali Mohammed Khan (Shamsheer Jung II) and Nawab Mir Hussain Ali Khan)
قدیم مجالس عزا
(بناء کردہ اجداد مرحومین نواب سید علی محمد خاں (شمشیر جنگ ثانی) و نواب میر حسین علی خاں)
DATE: 1 TO 9,11,12 MOHARRAM
TIME: 12:00 NOON
KHATEEB: JANASHEEN - E AAL - E - JAWAD - UL - ULAMA - HUJJATUL ISLAM WA MUSLIMEEN AALIJANAB
MOULANA SYED MOHAMMED AQEEL
SAHAB QIBLA (MOHAMMEDABADI)
FAZA'IL WA MASA'IB BAYAN FARMAYENGE
AAP KI SHIRKAT MAMNONIYAT KA BA'IS HOGI
ALDAYI: SYED MOHAMMED MUZAFFAR KHAN
ibne NAWAB SYED ABBAS ALI KHAN wa nabeer - e NAWAB MIR MOHAMMED SAYEED KHAN MARHOOM
MUQAAM: HUSSAINI KOTHI (DEWDI NAWAB MIR HUSSAIN ALI KHAN), DAREECHA-E- RANG-E-ALI SHAH, HYDERABAD
تاریخ ۱ تا ۹، ۱۱، ۱۲ محرم الحرام بوقت ۱۲ ساعت دن مقرر ہے
خطیب: جانشین آل جواد العلماء حجۃ الاسلام والمسلمین
عالیجناب مولانا سید محمد عقیل صاحب قبلہ (محمد آبادی)
فضائل و مصائب بیان فرمائیں گے
آپ کی شرکت ممنونیت کا باعث ہوگی
الداعی: سید محمد مظفر خاں خلف نواب سید عباس علی خاں و نبیرۂ نواب میر محمد سعید خاں مرحوم
مقام: حسینی کوٹھی، دیوڑھی نواب میر حسین علی خان دریچہ رنگ علی شاہ حیدرآباد
QADEEM MAJLIS-E-AZA SALANA 8TH MOHARRAM
12 BAJE DIN MUQARAR HAI
BAAD MAJLIS SAWARI-E-ALAM-MUBARAK HAZRATH ABUL FAZL-UL-ABBAS (A.S) UTHAYI JAYEGI
قدیم مجلس سالانہ ۸ محرم الحرام بوقت ۱۲ ساعت دن مقرر ہے
بعد مجلس سواری علم مبارک حضرت ابوالفضل العباسؑ اُٹھائی جائیگی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اَبَدَ وَاللّٰہِ یَا زَھْرَاءُ مَا اَنِسَاءَ حُسَیْنَا
زندہ رہے حسینؑ تیرا غم منائیں گے
اے فاطمہؑ کے لال یہ وعدہ نبھائیں گے
قدیم مجلس عزاء سالانہ
عباسؑ کا ماتم ہے وفادار کا ماتم ہے
تاریخ: ۸ محرم الحرام
بوقت: ۶ ساعت شام
سواری علم مبارک حضرت ابوالفضل العباسؑ اُٹھائی جائیگی
جس میں
حجۃ الاسلام مولانا سید محب عابد عابدی صاحب قبلہ
مخصوص مصائب قبر بنی ہاشم حضرت ابوالفضل العباسؑ بیان فرمائینگے
چشم براہ
میر اقبال علی۔ و۔ فرزندان
بمقام: روبرو مدینہ کامپلکس، مکان نمبر 776-1-22، قریب نور کیفے، نورخاں بازار، حیدرآباد
انجمن معصومینؑ کا ماتم ہوگا

Classifieds
Change of Name
Lost & Found
PUBLIC NOTICE
COURT NOTICE,
PUBLICE NOTICE,
CHANGE OF NAME,
OBITUARY AND
COMMERCIAL,
PUBLISHING IN
SADA-E-HUSSAINI DAILY
Contact : 9346938539 - 7795774816

ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کوسری شیشائی انٹر پرائزیز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے، بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146، امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780، پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔